© rasailojaraid.com



ہم ناشرین کو مشورہ دیتے ہیں کہ یہ نظم اس قابل ہے کہ آیندہ اڈیشن میں مذکورہ بالا تمام الفاظ کے معانی اور تمام تلمیحات کی تشریح حواشی میں درج کی جائے تاکہ خواص کے علاوہ عوام بھی معانی سے لطف اندوز ہو سکیں۔ کوئی مضائقہ نہیں اگر اس کی قیمت بجائے آنے کے بجائے ۸ رکھی جائے عاشقان رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے لئے یہ رقم چنداں دقیع نہیں ہے۔

**شاہراہِ سعادت** مصنفہ ہز ایکسیلنسی ڈاکٹر ایڈیل حاجی ترنا وناتا سفیر جمہوریۂ انڈونیشیا متعینہ پاکستان، ورسی سائز ۲۰×۲۸ صفحات، کاغذ کتابت طباعت دیدہ زیب،

یہ دلچسپ اور ایمان افروز کتاب ڈاکٹر صاحب موصوف نے انڈونیشی زبان میں لکھی تھی، انہی کے ایما سے جناب نور احمد صاحب قادری ایم اے نے (جو سفارتخانہ کے شعبۂ تصنیف واطلاعات سے وابستہ ہیں) اس کا نہایت شگفتہ اور آسان اُردو میں ترجمہ کیا ہے۔ یہ کتاب اتنی دلچسپ ہے کہ ایک آدمی اسے ختم کئے بغیر ہاتھ سے نہیں رکھ سکتا۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنی زندگی کے متعدد واقعات سے یہ نتائج اخذ کئے ہیں، کہ اللہ تعالیٰ موجود ہے، اور اس کی مشیت ہر حادثہ میں کارفرما ہے اور وہی اپنے فرمانبردار بندوں کی حفاظت کرتا ہے۔ اور جو شخص اللہ کے قوانین سے انحراف کرتا ہے اسے راحت نصیب نہیں ہوسکتی،

انڈونیشیا کے مسلمان عموماً دیندار ہوتے ہیں سفیر صاحب بھی ایک دیندار اور پابند صوم وصلوٰۃ مسلمان ہیں ان کے دادا معربی جاوا (انڈونیشیا) میں اپنے علم وفضل اور نیکی اور پارسائی کے لئے مشہور تھے، اور سلسلہ قادریہ سے تعلق رکھتے تھے، دینداری اور تقویٰ اور پابندی شریعت یہ تینوں باتیں سفیر صاحب کو اپنے بزرگوں سے ورثہ میں ملی ہیں ہم نے ان باتوں کو اس لئے لکھا کہ ہمارا پختہ عقیدہ ہے کہ جب تک انسان کسی دیندار آدمی کی صحبت میں نہیں بیٹھے گا، محض کتابوں سے اس کے اندر خوف خدا یا رجوع الی اللہ کا رنگ پیدا نہیں ہوسکتا۔

سفیر صاحب کے متعلق مترجم کتاب نے لکھا ہے، کہ وہ شراب کبھی نہیں پیتے نماز کے سختی کے ساتھ پابند ہیں عمر ساٹھ سال کے قریب ہے، مگر روزہ کبھی قضا نہیں کرتے، نماز تہجد بھی پابندی سے ادا کرتے ہیں، صہ ۱۵

ہماری دعا ہے کہ سب مسلمان سفیروں میں یہی خوبیاں پیدا ہو جائیں، یہ کتاب مترجم صاحب معرفت سفارتخانہ انڈونیشیا کلفٹن روڈ کراچی کو خط لکھ دینے سے بلا قیمت مل سکتی ہے

**حجۃ المصطفیٰ** صلی اللہ علیہ وسلم :- سائز ۲۰×۲۶ ، ۷۴ صفحات، سفید کاغذ کتابت طباعت دیدہ زیب

کراچی کے چند مخلص مسلمانوں نے دین الحق کی تبلیغ واشاعت کے لئے ایک ادارہ موسومہ "المجالس" قائم کیا ہے اس ادارہ کی طرف سے جناب مولانا محمد جیلانی صاحب نے حافظ محب الدین الطبری محدث المتوفی ۶۹۴ھ کی مفید تالیف حجۃ المصطفیٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کا نہایت سلیس اُردو میں ترجمہ کیا ہے تاکہ عام مسلمان مستفید ہوسکیں۔ اس کتاب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حج مبارک کے واقعات مستند اور صحیح حدیثوں سے جمع کئے گئے ہیں، ہمیں یقین ہے کہ یہ کتاب طالبان معلومات دینی اور خصوصاً عازمین حج کے لئے بہت کار آمد ثابت ہوگی،

ادارہ المجالس نور بھائی لوٹیا بلڈنگ، بندر روڈ کراچی سے بلا قیمت مل سکتی ہے،

**تعلیماتِ صرف**، مؤلفہ مولوی فضل الرحمٰن صاحب کلیم (مولوی فاضل) سائز ۱۷×۲۲، صفحات ۳۲

(باقی بر صفحہ ۲۱)

© rasailojaraid.com